
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

15 منٹ
- بچوں کو کتاب کا ٹائیٹل دکھائیں اور عنوان پڑھ کر سنائیں۔
  - بچوں کو کتاب پڑھ کر سنائیں اور ہر صفحہ پڑھنے کے بعد اس پر بنی تصویر بھی دکھائیں۔
  - بچوں سے کتاب اور اس کی تصویروں کے بارے میں پوچھیں کہ یہ انہیں کیسی لگیں۔ بچوں کی پسند اور نا پسند کی وجہ پوچھیں مگر ان کی رائے سے اختلاف نہ کریں۔

10 منٹ
- 6 - 8 بچوں سے کتاب کے ایک ایک صفحے کی پڑھائی کرائیں۔ مشکل الفاظ پڑھنے میں ان کی مدد کریں۔
  - بچوں سے کہیں کہ اپنے آس پاس کی چیزیں دیکھیں۔ پتلی، لمبی، گول، موٹی اور چھوٹی چیزوں کے بارے میں بتائیں جیسے کون لمبا ہے، کس کے بال لمبے اور کس کے چھوٹے ہیں۔ کلاس کی کونسی چیزیں چھوٹی، لمبی، پتلی یا گول ہیں۔

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ کتاب میں دی گئی مختلف چیزیں نیچے دئے گئے عنوانات کے مطابق اپنی کوپی میں علیحدہ علیحدہ لکھیں۔

**لمبی چیزیں     موٹی چیزیں     گول چیزیں     پتلی چیزیں**

## گھر کا کام

5 منٹ
- اپنے آس پاس کی چیزوں کو غور سے دیکھیں۔ کلاس میں بنائی گئی لسٹ میں 2 چیزوں کا اضافہ کریں۔

# سیشن 2

5 منٹ
- بچوں سے ہوم ورک کے بارے میں پوچھیں کہ بچوں نے چیزوں کی لسٹ میں کون کون سی نئی چیزوں کا اضافہ کیا ہے۔

10 منٹ

- 8 - 6 ایسے بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں جنہوں نے پہلے پڑھائی نہیں کی۔

15 منٹ

- بچوں کو بنیادی اشکال (shapes) کے بارے میں بتائیں۔ بورڈ پر یہ اشکال بنا کر ان کے اردو اور انگریزی میں نام لکھیں۔


**اشکال**

| | | |
|---|---|---|
| △ | تکون | triangle |
| □ | چوکور | square |
| ○ | گول | round |

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ ان اشکال کی مدد سے کسی بچے، جانور یا کسی چیز کا اسکیچ بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔

  - بچوں سے کہیں کہ اپنے بنائے ہوئے اسکیچ کے بارے میں 3 جملے لکھیں۔
  - مثال کے لئے ایک اسکیچ بورڈ پر بنا کر بچوں کو دکھائیں۔ جیسے



  - جب بچے کام کر رہے ہوں تو ان کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
  - بچے کام مکمل کر لیں تو ان کے کام کا کلاس میں ڈسپلے کریں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

# سیشن 3

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • 8 - 6 بچوں سے پڑھائی کرائیں۔ |
| 10 منٹ | • بچوں کو بتائیں کہ کسی چیز یا جگہ یا جاندار کے نام کو اسم (noun) کہتے ہیں۔ آس پاس کی چیزوں کی مثالیں دیتے ہوئے اسم کی وضاحت کریں۔ |
| 25 منٹ | • بچوں سے کہیں کہ کتاب کے ہر صفحے سے اسم ڈھونڈ کر بتائیں۔ اسم کی نشاندہی میں بچوں کی مدد کریں۔ بورڈ پر 12 - 10 اسم اور ان کے انگریزی میں نام لکھیں۔ (اس موقع پر نظم و ضبط کا خاص خیال رکھیں۔) |

- بچے اس لسٹ کو اپنی کوپی میں اتاریں۔

| اسم | noun |
|---|---|
| سڑک | road |
| سپگیٹی | spaghetti |
| بینگن | brinjal |
| آسمان | sky |
| دھاگا | thread |
| ہاتھی | elephant |

| اسم | noun |
|---|---|
| خرگوش | rabbit |
| پھلی | beans |
| عمارت | building |
| پانی | water |
| زرافہ | giraffe |
| کہانی | story |

# سیشن 4

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • بچوں سے گزشتہ سیشن میں کروائے گئے کام کی دہرائی کے لئے پوچھیں کہ اسم کسے کہتے ہیں۔ بچوں کے جوابات سننے کے بعد کلاس روم میں موجود چیزوں کی اسم کی مثالیں بھی پوچھیں۔ |

- بچوں کو صفت (adjective) کے بارے میں بتائیں کہ صفت ایسا لفظ ہوتا ہے جو کسی اسم کے بارے

میں بتاتا ہے۔ جیسے:

(اونچا) درخت (موٹا) ہاتھی (گول) مالٹا

20 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ کوپی میں لکھی گئی اسم کی لسٹ میں سے 5 الفاظ کے جملے اس طرح بنائیں کہ جملے میں اسم کی کوئی صفت ظاہر ہو۔

  - مشق کے لئے بچوں کے ساتھ مل کر چند جملے زبانی بنائیں۔ جیسے:

    1) ناریل کا درخت بہت اونچا ہے۔

    2) میں نے ایک موٹا ہاتھی دیکھا۔

    3) یہ کتاب بہت اچھی ہے۔

  - جب بچے کام کر رہے ہوں تو ان کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔

10 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ ہر بچہ اپنے بارے میں کوئی ایک خاص بات سوچ کر بتائے اور اپنی اس خاصیت کا کوئی ایک فائدہ بھی بتائے۔

  - مثال دینے کے لئے پہلے ٹیچر خود اپنی کوئی خاصیت اور اس کا فائدہ بچوں کو بتائیں۔

  - بچوں کی باتیں دلچسپی سے سنیں۔ آخر میں بچوں کو بتائیں کہ سب لوگ ایک جیسے نہیں ہوتے۔ ہر شخص دوسرے سے مختلف ہوتا ہے۔ کوئی لمبا ہوتا ہے' کوئی چھوٹا ہوتا ہے' کوئی موٹا ہوتا ہے اور کوئی دبلا۔ ہمیں ہر شخص کے مختلف ہونے کو قبول کرنا چاہیئے اور کبھی کسی کا مذاق نہیں اڑانا چاہیئے۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- اسم کی لسٹ سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

# سیشن 5

15 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں۔ اردو اور انگلش کے 10 الفاظ کا املا کرائیں۔

15 منٹ • املا کی اصلاح کرائیں۔

- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر اپنا املا چیک کریں۔

- بچے اپنی غلطیوں کی اصلاح کریں۔

- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

15 منٹ • بچوں سے کہیں کہ کتاب میں سے اپنی پسند کی دو چیزوں کی ڈروئنگ بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔

# پتلی لمبی کتاب

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk